توجہ دلاؤ نوٹس

میں اس معزز ایوان کی توجہ اپنے پسماندہ اور غریب حلقہ کی ایک اہم مسئلے کی جانب مبذول کروانا چاہتا ہوں اور وہ یہ کہ ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں واقع گومل زام نہر سے علاقے کے غریب کسان اپنے کھیتوں کو سیراب کرتے ہیں، جن کی واحد گزر بسر اسی زراعت پر منحصر ہے، لیکن مذکورہ نہر میں آبپاشی کی تقسیم کا طریقہ کار بلکل بے ترتیب اور کئی مسائل سے دو چار ہے، جس کی وجہ سے تمام کاشتکار پریشانی کا شکار ہیں اور اس پانی کو کاشت کے استعمال سے قاصر ہیں۔

لہذا اس معزز ایوان کی وساطت سے محکمہ آبپاشی اور دیگر ذمہ داروں سے درخواست ہے کہ اگر M&R Fund یا دوسری کوئی فنڈ اس حوالے سے مختص کی گئی ہے، تو صوبائی حکومت جلد از جلد ان مسائل کی تدارک کی خاطر اس کو استعمال کرے، تاکہ علاقے کے غریب کسان کا دیرینہ مطالبہ حل ہو سکے۔

[signature]

احسان اللہ میانخیل
ممبر صوبائی اسمبلی
پاکستان پیپلز پارٹی

CALL ATTENTION NOTICE
Session No. 5th
Notice No. 127
Received Time: 3:31
Received Date 21/10/2024
From Mr/Ms. Ehsan Ullah MPA
Receiver Sign: [signature]